# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Time** 12:30...12:35/ PM

Date: 30 July 2026

آداب
یہ آکاشس وانی سرینگر ہے۔
12 بجکر 30 منٹ ہوئے ہیں۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں بصارت گل۔

**PM** مہم

وزیر اعظم نریندر مودی 2 اگست کو ''نشہ مکت یووا فاروکست بھارت'' مہم کی شروعات کریں گے۔ امور نوجوان اور کھیل کود کے وزیر منسکھ منڈاویہ نے کہا کہ افتتاحی تقریب میں ایک کروڑ سے زائد شرکا کے موجود رہنے کی توقع ہے۔ سو ہفتوں پر مشتمل قومی سطح کی اس عوامی مہم کا مقصد نوجوانوں کو منشیات سے دور رکھنا اور ملک کو اس وبا سے نجات دلانا ہے۔ مہم کے تحت ہر اتوار کو نشہ مکت عہد دلایا جائے گا اور نوجوانوں کیلئے بیداری پروگرموں اور کمیونٹی ریلیز کا انعقاد کیا جائے گا۔

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ آج گاندربل کے دورے پر ہیں جس دوران وہ ضلعے میں جاری ترقیاتی منظر نامے کا تفصیلی جائزہ لے رہے ہیں۔ پروگرام کے مطابق وزیر اعلیٰ وہاں ایک عوامی دربار کی بھی صدارت کریں گے اور لوگوں کو درپیش مسائل ومشکلات کا جائزہ لیں گے۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے کسانوں کو ادارہ جاتی قرضوں کی فراہمی کے عمل کو مزید اور موثر بنانے کی ضرورت پر

زور دیا ہے۔انہوں نے ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر میں ’’سوامتوا‘‘ اسکیم ڈیجیٹل کراپ سروے اور **Agri stack** پلیٹ فارم پر اراضی کے ریکارڈ کی اپلوڈنگ کے عمل کا جائزہ لیا۔چیف سیکرٹری نے ان ڈیجیٹل گورننس اقدامات کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت دی کہ وہ ’’سوامتوا‘‘ اسکیم کی تکمیل کو ترجیحات میں شامل کریں۔

سولر پینل

جموں وکشمیر میں تقریباً **39** ہزار کنبوں نے **PM** سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا سے استفادہ کیا ہے۔لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں نئی اور قابل تجدید توانائی کی وزارت نے کہا ہے کہ **24** جولائی **2026** کو دستیاب اعداد وشمار کے مطابق یوٹی میں **38** ہزار **955** مکانوں پر سولر پینل نصب کئے گئے ہیں۔وزارت نے مزید بتایا کہ بنکوں نے اس سلسلے میں **5** ارب **33** کروڑ روپے کی رقم بطور قرضہ فراہم کی ہے۔چھتوں پر سولر پینل نصب کئے جانے کے بعد جموں وکشمیر میں **8** ہزار **673** صارفین ایسے درج ہوئے ہیں جن کی بجلی بل صفر ہوگئی ہے۔

**Pest** مینیجمنٹ

سرینگر اور جموں میں قائم **Central Integrated Pest** مینیجمنٹ مراکز سے وابستہ ماہرین نے ہارٹیکلچر محکمے کے حکام کے اشتراک سے کپواڑہ ضلعے کے سوگام، دروگمولہ، ہندواڑہ، لنگیٹ اور کرالہ گنڈ علاقوں میں سیب کے درختوں کو لگنے والی **Blotch Miner** بیماری سے پیدا ہوئے حالات کا جائزہ لیا۔اس موقعے پر کسانوں اور باغ مالکان کو نقصان دہ کیڑوں سے لگنے والی بیماریوں کی روکتھام کے طریقوں سے آگاہ کیا گیا۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق ونگ نے چیف جوڈیشل مجسٹریٹ سرینگر کی عدالت میں سرینگر کے رہنے والے محمد امین بٹ اور خالد حسین خان، راجستھان کے رہنے والے انیل کمار مہیشوری اور اتر

پردیش کے رہنے والے ششانک کمار کے خلاف مالی دھوکہ دہی کا ایک کیس درج کیا ہے۔ان چاروں کے خلاف ایک شہری سے دھوکہ دہی کے ذریعے **15** لاکھ روپے کی رقم اینٹھنے کاالزام ہے۔

## عرس

بلند پایہ ولی سلطان العارفین حضرت شیخ حمزہ مخدوم رحمتہ اللہ علیہ کے سالانہ عرس کے سلسلے میں متبرک ایام جاری ہیں ۔اس سلسلے میں ان کے آستان عالیہ واقع کوہ ماران مخدوم صاحب میں روزانہ بنیادوں پر ختمات المعظمات ، درود واذ کار اور نعت ومناجات کی روح پرور مجالس کا اہتمام جاری ہے۔ان مجالس میں بڑی تعداد میں وادی کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے عقیدت مند شرکت کررہے ہیں۔عرس کی مرکزی تقریب ماہ صفر کی **24** تاریخ یعنی **8** اگست کو منائی جارہی ہے۔

## **DC** سرینگر

ضلع ترقیاتی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے افسران کی ایک میٹنگ طلب کرکے ضلع میں مشن یوا کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نے اس اسکیم کے تحت موصول ہوئی درخواستوں پر کاروائی،منظور کئے گئے معاملات اور مالی امداد کی فراہمی کا بھی جائزہ لیا۔ترقیاتی کمشنر نے مشن یوا کے بارے میں بیداری عام کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

## **DC** بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے ضلع میں جاری عوامی اہمیت کے حامل پروجیکٹوں کو بروقت مکمل کرنے کی متعلقہ ایجنسیوں کو ہدایت دی ہے۔ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے بڈگام ضلع میں قومی شاہراہ **444**،رنگ روڈ،قومی شاہراہ **701-A** بائی پاس پروجیکٹ اور ایئر پورٹ کو جوڑنے والی سڑکوں پر جاری کام کا جائزہ لیتے ہوئے مختلف محکموں کے درمیان قریبی تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔

## **DC** پلوامہ

ضلع ترقیاتی کمشنر پلوامہ بشارت قیوم نے **My Bharat** پلیٹ فارم کے تحت نوجوانوں کو مختلف ہنروں کی تربیت حاصل کرنے کی جانب راغب کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے تاکہ ان کے روزگار کیلئے بامعنی مواقعے پیدا کئے جاسکیں۔ وہ کل **My Bharat** مہم سے متعلق تشکیل دی گئی ضلع مشاورتی کمیٹی کی ایک میٹنگ میں اظہار خیال کررہے تھے۔ انہوں نے تعلیمی اداروں کے علاوہ بنیادی سطح پر اس اسکیم سے متعلق جانکاری عام کرنے کی ہدایت دی۔

**DC** کولگام

کولگام کے ڈپٹی کمشنر شہزاد عالم نے ضلعے میں فراہم کی جارہی عوامی خدمات میں بہتری لانے اور لوگوں کو درپیش مسائل حل کرنے کا انتظامیہ کا عزم دہرایا ہے۔ ضلعے کے دمحال ہانجی پورہ علاقے میں بلاک دوس پروگرام کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے لوگوں سے تلقین کی کہ وہ ترقیاتی عمل کے شراکت دار بنیں۔ ترقیاتی کمشنر نے کہا کہ لوگوں کو سرکاری فلاحی اسکیموں سے بھرپور استفادہ کرنا چاہیئے۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ اجازت دیجئے۔ خدا حافظ۔